

# ڈی اے آئی میں
# پیشہ ورانہ طرزِ عمل اور اخلاقیات


جون 2022

DAI
Shaping a more livable world.

اسی طرح، نسلی اور سماجی انصاف کے لیے تحریک کی ابتدا ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں پولیس کی بددیانتی سے ہوئی۔ لیکن یہ آزمائش گہرے سماجی عدم مساوات کی عکاسی کرتی ہے اور امریکہ کی سرحدوں سے باہر تک پھیلی ہوئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نے ریشل اینڈ سوشل جسٹس انیشیٹو کا آغاز کیا تاکہ ڈی اے آئی میں تنوع، مساوات اور شمولیت کے مسائل پر بہت زیادہ توجہ مرکوز کی جا سکے۔ ہمیں فخر ہے کہ ہم نے اپنے وقت کے ان اخلاقی تقاضوں کی پیشگی توقع کرتے ہوئے مناسب منصوبہ بندی کے ساتھ ان کا سامنا کیا۔ ہمارے ضابطوں میں کی جانے والی کچھ اصلاحات ہمارے اقدامات کی عکاسی کرتی ہیں۔

ضابطہ کبھی تکمیل تک نہیں پہنچے گا، کیونکہ ہم ہمیشہ اپنے رہنما اصولوں کو مزید بہتر بنانے، نئے حالات کے مطابق اصلاحات اور غیر متوقع آزمائشوں سے نمٹنے کے طریقے تلاش کرتے رہیں گے۔ آپ کے سامنے ہمیشہ کوئی نہ کوئی نئے غیر متوقع حالات پیش آتے رہیں گے ، یا مختلف معاملات جہاں آپ کو قائم کردہ مثال کی بجائے اصولوں کو لاگو کرنا پڑے گا۔ لیکن یہ دستاویز یہاں ڈی اے آئی میں آپ سے متوقع کام کا عملی نمونہ ہے۔ ضابطے کا آپ کی روز مرہ ذمہ داریوں کی ادائیگی میں کیسے اطلاق ہوگا؟ اگر آپ مزید کچھ سوالات دریافت کرنا چاہیں یا ہمیشہ کی طرح اصلاحات کے لیے مشورہ دینا چاہیں تو چیف ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر مائیک والش سے رابطہ کریں۔

اور آخر میں، یاد رکھیں: اگر آپ کو کچھ غلط ہوتا نظر آئے، ضرور مطلع کریں۔ اگر آپ کے علم میں آئے کہ کوئی انفرادی ، یا اجتماعی طور پر ، حتیٰ کہ ڈی اے آئی کا کوئی ضابطہ ہی ہمارے معیار کے خلاف عمل پیرا ہے، ہمیں مطلع کریں۔ اطلاع دینے کا طریقہ کار اس دستاویز میں موجود ہے۔ ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ آپ کی درخواست پر سنجیدگی اور احترام سے غور کیا جائے گا، اسے صیغہ راز میں رکھا جائے گا اور آپ کو کسی بھی قسم کی جوابی کاروائی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔



جم بومگارڈ،

صدر اور چیف ایگزیکٹِو آفیسر

# ہمارے صدر اور چیف ایگزیکٹِو آفیسر کا پیغام



عزیز ساتھیوں

ہمارے تازہ ترین کوڈ آف بزنس کنڈکٹ اینڈ ایتھکس کے مطالعے کے لیے وقت نکالنے کا شکریہ۔

بحیثیت ایک عالمی طرقیاتی ادارے کے، ہمارے کام کرنے کے رہنما اصولوں کی باقاعدہ تجدیدہماری مسلسل کامیابی کے لیے اہم ہے۔ ہماری دیانتداری، فضیلت، احساسِ ذمہ داری، اور عالمی شہریت کی بنیادی اقدار غیر متزلزل ضرور ہیں، لیکن ہم جس دنیا میں کام کرتے ہیں، تبدیلی وہاں کا ضروری عنصر ہے۔ اور یہ تبدیلیاں ہماری زندگی کے رہنما اصولوں کے لیے مسلسل نئ آزمائشیں اور حل کی ضرورت پیش کرتی رہتی ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ ڈی اے آئی نئے تکنیکی شعبو ں کی جانب توسیع کرتے ہوئے نئ منڈیوں تک رسائی اور نئ خدمات پیش کر رہا ہے۔ اس کی مثال ڈی اے آئی کیپیٹل اور سسٹین ایبل بزنس گروپ ہیں۔ ان ہی بدلتے ہوئے حالات کی بدولت ہمیں نئ آزمائشوں کا سامنا ہوتا ہے جس کے نتیجے میں ترجیحات بھی مختلف ہوجاتی ہیں۔ اور جن معاشروں میں ہم کام کرتے ہیں وہ خود ترقی کی راہوں پر گامزن ہیں۔ ہم بالکل بجا طور پر تمام اداروں سے ہمیشہ اعلیٰ معیار کا مطالبہ کرنے کے لیے ان کی رہنمائی کر رہے ہیں۔

عالمی شہریت کے لیے ہماری وابستگی، اپنی بنیادی اقدار میں سے صرف ایک کو اپنانے کے لیے، مطلق اور ناقابل تبدیلی ہے: "ہم اپنے تنوع اور جامعیت پر انحصار کرتے ہیں، مقامی ثقافتوں کا احترام کرتے ہیں اور ہر جگہ اور ہر کسی کے ساتھ ہمارا سلوک پیشہ ورانہ مہارت اور وقار کے ساتھ ہوتا ہے۔" لیکن دنیا بھر کے اداروں کی طرح ہم اس اور دیگر حمایت یافتہ اقدار کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے ان اصولوں کے مطابق زندگی گذارنے کو یقینی بناتے ہیں۔

مثال کے طور پر ہم نے صنفی مساوات پر بہتر نتائج حاصل کیے ہیں، لیکن سفر ابھی مکمل نہیں ہوا ہے۔ امدادی اور ترقیاتی اداروں سے کے شرمناک واقعات کی اطلاعات کا خاتمہ نہیں ہوسکا ہے۔ اسی لیے ڈی اے (SEAH) جنسی استحصال، بدسلوکی اور ہراساں کیے جانے آئی میں جنسی استحصال، بدسلوکی اور ہراساں کیے جانے کی شکایات سے نمٹنے کے لیے کل وقتی بنیادوں پر گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ کا تقرر کر دیا گیا ہے۔



# ہمارا مقصد اور اقدار

ڈی اے آئی کا مقصد لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے میں مدد کر کے دنیا میں دیرپا اصلاحات لانا ہے۔ ہم زیادہ خوشحال، منصفانہ اور بہتر نظم و نسق، محفوظ، صحت مند، اور ماحولیاتی لحاظ سے زیادہ پائیدار برادریوں اور معاشروں پر مشتمل دنیا کا تصور کرتے ہیں۔

اس مقصد کے حصول کے لیے ہمارا بہترین پیشہ ورانہ درجہ اور کامیاب کاروباری ادارہ ہونا ضروری ہے۔ ہمیں غیر معمولی صلاحیتوں کے حامل افراد کو راغب کرنے اور انہیں ساتھ رکھنے کی ضرورت ہے، اور اپنے ارکان کو پیشہ ورانہ مواقع، مناسب تنخواہ اور فوائد، اور کام اور ذاتی زندگی کا صحت افزاء توازن فراہم کرنا ہے۔ اپنی ذمہ داریوں کی تکمیل اور اپنے مستقبل میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے ہمیں بحیثیت ایک کاروباری ادارے کے بھی اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دینی ہونگی۔ ایک کاروباری ادارے کے طور پر ہماری کامیابی ترقی کے اتنے ہی زیادہ امکانات ہمارے لیے یقینی بنا سکتی ہے۔

:ہم اپنی تمام پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی میں چار بنیادی اقدار پر عمل کرتے ہیں

## عالمی شہریت

ہم عالمی نقطہ نظر کے حامل ایک عالمی کاروباری ادارہ ہیں۔ ہم اپنے تنوع اور جامعیت پر انحصار کرتے ہیں، مقامی ثقافتوں کا احترام کرتے ہیں اور ہر جگہ اور ہر کسی کے ساتھ ہمارا سلوک پیشہ ورانہ مہارت اور وقار کے ساتھ ہوتا ہے۔ ہماری ترقی دنیا بھر میں ہمارے شراکت داروں کے ساتھ مشترکہ کاوشوں کے باعث ہے، اور ہماری مشترکہ امید ہے کہ ہماری کوششوں سے دنیا ایک بہتر مقام بن جائے گی۔

## دیانت داری

ہم تہذیب اور اخلاقی رویوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتے۔ ہم قوانین پر عمل کرتے ہوئے ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے درست طریقہ کار اپناتے ہیں۔

## فضیلت

ہم اپنے لیے اعلیٰ ترین تکنیکی اور پیشہ ورانہ معیارات کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ہم جدت، تربیت اور خدمات کی فراہمی پر انحصار کرتے ہیں۔ ہم بحیثیت فرد اور ایک تنظیم ، "وسعت" کی ایک ثابت قدم خواہش رکھتے ہیں۔

## ذمہ داری

ہم جن مقامات پر پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں، اپنے صارفین، اپنے ساتھیوں اور مقامی آبادیوں کو جواب دہ ہیں۔ کبھی ناکامی کی صورت میں ہم خود کو سنبھال کر مسئلہ حل کرتے ہیں، اور اگلی بار اسے دہراتے نہیں۔

مداخلت کرتے ہوئے کسی فرد کے روزگار کے مواقع پر منفی اثر انداز ہو سکتا ہے۔ یہ شکار کی خود اعتمادی اور اعتماد کو نقصان پہنچاتا ہے جس سے جسمانی یا ذہنی صحت بھی متاثر ہو سکتی ہے۔

بد سلوکی یا غنڈہ گردی سے مراد تمام نامناسب سلوک ہیں : جان بوجھ کر مسلسل تکلیف دینا اور طاقت یا اثر رسوخ کا غلط استعمال کرنا۔ اس میں کسی کو نیچا دکھانا یا غیر ضروری طور پر نظر انداز کرنا شامل ہو سکتا ہے۔ کسی فرد پر نامناسب جملے کسنا، سب کے سامنے اس پر نامعقول تنقید کرنا، یا کسی پر چیخناچلانا۔ ہراساں کرنے کی طرح یہ عمل بھی آمنے سامنے ، فون پر یا آن لائن ہو سکتا ہے۔ ہراساں کرنے کی طرح بدسلوکی اور غنڈہ گردی بھی انسان کے لیے بری ہے، پیشہ ورانہ ماحول کے لیے بری ہے اور ہمارے ڈی اے آئی کے لیے نقصان دہ ہے۔

بدسلوکی ، غنڈہ گردی اور ایذا رسانی کسی فردِ واحد کی جانب سے ایک فرد کے خلاف بھی ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ کچھ لوگ مل کر کسی فرد یا افراد کو حقیر ہونے کا احساس دلا سکتے ہیں یا نظر انداز کر سکتے ہیں۔

اگر آپ ڈی اے آئی میں ہراسگی، دھونس، یا دیگر اقسام کی بے عزتی کا سامنا کر رہے ہیں، تو آپ ہیومن ریسورسز، اپنے لائن منیجر، ایتھکس اینڈ سیف گارڈنگ ٹیم (safeguarding@dai.com; ethics@dai.com) یا اپنے کسی قابلِ اعتماد ساتھی سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ بیرونی سہولت کار ہونے کی صورت میں ڈی اے آئی میں اپنے رابطے میں عہدیدار سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ اسی طرح اگر آپ ڈی اے آئی میں کسی کو ہراساں کیے جانے ، بد سلوکی یا غنڈہ گردی کا شکار ہوتے دیکھتے ہیں تو فوری طور پر اعلیٰ عہدیداران کو مطلع کریں اور متاثرہ فرد کی مدد کریں۔

## خاموش تماشائی نہ بنیں۔



# عالمی شہریت

## باہمی احترام: ہراساں کرنے اور بدسلوکی سے پرہیز

ڈی اے آئی میں ہم تمام ساتھیوں سے باہمی احترام کی توقع رکھتے ہیں۔ چاہے ہمارے ساتھی ہوں، اعلیٰ عہدیدار ہوں یا ہمارے کام سے متعلق کوئی بیرونی سہولت کار، احترام ہمارے ہر کام کی بنیاد ہے۔ احترام ہماری تمام بنیادی اقدار اور بین الاقوامی معیارات میں شامل پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی مہذب طریقۂ ادائیگی کا ایک لازمی جز ہے۔ یہ ہمارے پیشہ ورانہ طریقہ کار کا سنگ بنیاد ہے۔

ہراساں کرنا اور ڈرانا دھمکانا ڈی اے آئی کی چار بنیادی اقدار: دیانتداری، ذمہ داری، فضیلت اور عالمی شہریت کے برعکس طرزِ عمل ہے۔ اس طرح، کام کی جگہ یا کام کرنے کے ماحول میں ہراساں کرنا اور ڈرانا دھمکانا بالکل ہی ناقابل قبول اعمال ہیں۔

کام کی جگہ پر باہمی احترام سے مراد منصفانہ ہونا، امتیازی سلوک سے پرہیز، اور ہر ساتھی کے کام کو قابل قدر سمجھنا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم دیگر ساتھیوں اور ان کی ذمہ داریوں کے ساتھ احترام کا برتاؤ کرتے ہیں۔ ہماری ذاتی رائے ان کے بارے میں کچھ بھی ہو، ہم یہ احترام ان کے بحیثیت انسان اور ہمارے ساتھی ہونے کے باعث کرتے ہیں ۔ آسان الفاظ میں ہم ان سے وہی سلوک کرتے ہیں جیسا کہ ہم اپنے لیے چاہتے ہیں۔ نسل پرستی اور تعصب پر مبنی دیگر امتیازی سلوک، بد سلوکی اور ہراساں کرنا باہمی احترام کے بالکل برعکس اعمال ہیں۔

## تو ہم ڈرانے دھمکانے کی وضاحت کیسے کریں؟ ہم ہراساں کرنے اور بد سلوکی کے درمیان کیسے تفریق کر سکتے ہیں؟

سب سے پہلے تو یہ جان لیں کہ ہراساں کرنا ہمیشہ کسی نہ کسی قسم کی تفریق یا تعصب سے منسلک ہوتا ہے۔ یہ قانون یا ضابطے کی رو سے تسلیم شدہ نسل، صنف ، عمر، صنفی شناخت، جسمانی معذوری، مذہب / عقیدے، یا کسی دوسری خصوصیت کی بنیاد پر ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر ریاستہائے متحدہ امریکہ میں 'ویٹرن' کی حیثیت۔ یہاں تک کہ اگر کسی ملک میں کوئی مخصوص متعصب سلوک ممنوع نہیں ہے، لیکن اگر یہ دنیا کے کسی حصے میں ممنوع سمجھا جاتا ہے تو یہ اس ضابطہ کے تحت ہی، اور ناقابل برداشت سمجھا جائے گا۔ زبانی گفتگو، نازیبا اشارے، نامناسب تحریر یا تصاویر، جسمانی طرز عمل یا دست درازی، دھمکیاں، انتقامی کارروائی، یا ابتدائی جارحیت کی بار بار کی چھوٹی حرکتیں ہراساں کیے جانے میں شامل ہوسکتی ہیں۔ کسی کو ہراساں کرنے کا ارادہ کرنے یا ہراساں کرنے سے ایک خوفناک، مخالفانہ یا جارحانہ کام کا ماحول پیدا ہو سکتا ہے۔ یہ غیر معقول طور پر کسی فرد کی پیشہ ورانہ کارکردگی میں

## ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے محفوظ، قابلِ اطمینان، اور صحت مند ماحول

عملے کے ارکان اور ملحقہ اداروں کی حفاظت اور تحفظ ڈی اے آئی کی اولین ترجیحات میں سے ہیں۔ ڈی اے آئی میں پیشہ ورانہ ماحول اور خدشات کی سطح کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کرنے کی محفوظ جگہ کی فراہمی کے لیے مناسب انتظامات اور طریقہ کار کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ بین الاقوامی ذمہ داریوں ، اور بطورِ خاص ہماری فہرست میں زیادہ خدشات کے حامل ممالک کے لیے سفر کی تیاری سے قبل ڈی اے آئی کی عالمی سیکیورٹی پالیسی کے قوائد کے مطابق ارکان کو ہماری گلوبل سیکیورٹی سے مشاورت ضرور کرنی چاہیے۔ ان سے رابطہ DAIsecurity@dai.com پر کیا جاسکتا ہے۔ ایسے ممالک میں جہاں ڈی اے آئی نمایاں طور پر موجود ہے، اندرونِ ملک سیکیورٹی فوکل پوائنٹ کے اہل کار بھی پروجیکٹس کے ساتھ تعینات کیے گئے ہیں، آپ کو ان سے بھی رابطہ کر کے رہنمائی حاصل کرنی چاہیے۔ عملے کے تمام ارکان کو ڈی اے آئی کی گلوبل سیکیورٹی پالیسی اور پروجیکٹ سیکیورٹی پلانز میں بیان کردہ طریقہ کار اور رہنمائی پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

ڈی اے آئی ہر قسم کی غیر قانونی منشیات، تشدد، تشدد کے اسباب، اور شراب کے اثر سے پاک کام کا ماحول فراہم کرنے کے لیے بھی پرعزم ہے۔ ڈی اے آئی کے احاطے میں یا پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران کسی قسم کی بھی ناجائز اشیاء کو ساتھ رکھنے ، استعمال، خرید و فروخت یا فراہمی سختی سے منع ہے۔ صحت اور حفاظت کے اصولوں پر عمل کرنا ہم سب کا فرض ہے۔ ہمیں غیر ضروری خطرات سے بچنے کے لیے اپنے اطراف کے ماحول سے ذمہ داری کے ساتھ چوکنا رہنا چاہیے۔ اسی طرح ، ہم سب کو کسی بھی خطرے، اندیشے یا نا مناسب واقع کی فوری اطلاع کرنی چاہیے۔

" جس دن ہم اہم واقعات پر خاموشی اختیار کرنا شروع کردیں، ہماری زندگی کے اختتام کا آغاز ہوجاتا ہے۔"

— مارٹن لوتھر کنگ جونیئر



## تماشائیوں والا رویہ

دھوکہ دہی، بدعنوانی، انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں، اور استحصال صرف دیکھنے والوں کی خاموشی کی وجہ سے وقوع پذیر ہوتے ہیں ۔ دیکھنے والوں کو اس پر ہمیشہ کاروائی کرنی چاہیے تھی۔ ڈی اے آئی میں ہم سمجھتے ہیں کہ جب بھی ہم اپنی بنیادی اقدار سے متصادم کوئی رویہ دیکھیں، سنیں یا محسوس کریں تو فوری طور پر خاطر خواہ کاروائی کریں۔

ہم تمام لوگوں سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنے آپ کو امتیازی سلوک، بدسلوکی، استحصال، ایذا رسانی، یا غنڈہ گردی کے کے شکار فرد کی طرح محسوس کرتے ہوئے سوچیں کہ: "میں کسی سے کیا توقع کر سکتا ہوں؟" دھوکہ دہی یا بدعنوانی کے معاملات میں، ہم سب کو یاد دہانی کراتے ہیں کہ رقم کو ایک زیادہ قابل رہائش دنیا کی تشکیل کے لیے خرچ کیا جانا چاہیے، نہ کہ ظالموں کی جیبیں بھرنے کے لیے۔

اگر آپ کچھ دیکھیں، سنیں یا محسوس کریں تو فوری طور پر خاطر خواہ کاروائی کریں۔ اگر محفوظ ردِ عمل ممکن ہو تو آپ فوری کارروائی کر سکتے ہیں جیسے کہ غلط رویے میں خلل ڈالنا یا کسی بھی طریقے سے متاثر فرد کی مدد کرنا ۔ متاثرہ فرد کے ساتھ جانا اور کھڑا ہونا بھی مؤثر ہو سکتا ہے۔ آپ غلط کار کو جتا سکتے ہیں کہ آپ نے اسے ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے ۔ اگر ایسا کرنا اس وقت محفوظ نہیں تھا، تو آپ اب بھی متاثر فرد کی مدد کر سکتے ہیں ۔ آپ نے جو دیکھا ہے اس کی اطلاع دیں۔ ایک خاموش تماشائی بننے کی بجائے ساتھی بننے کا انتخاب کریں۔

اگر آپ کچھ غلط ہوتا دیکھتے ہیں تو آواز اٹھائیں۔



## تنوع، مساوات، وابستگی اور شمولیت

ڈی اے آئی ایک زیادہ قابل رہائش دنیا کی صحیح معنوں میں تشکیل کے لیے نسل پرستی اور نسلی تفریق کا براہ راست مقابلہ کر رہا ہے ۔ ہم کمپنی کے اندر اور معاشروں، ثقافتوں اور ان ممالک میں جہاں ہم رہتے اور کام کرتے ہیں وہاں مثبت تبدیلی کے لیے خود کو جوابدہ ٹھہراتے ہیں۔ نسل پرستی کے خلاف اپنے عزم میں ہم انفرادی اور انتظامی سطح پر ڈی اے آئی کے عملے کو مساوی مواقع کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات کا عہد کرتے ہیں۔ اس طرح ڈی اے آئی کا تنوع، مساوات، وابستگی اور شمولیت (DEEI) پروگرام نسلی مساوات کو ڈی اے آئی کا بنیادی حصہ بنانے کے لیے قائم کیا گیا ہے۔اور جیسا کہ ہماری کارروائیوں، حکمت عملی، طریقہ کار، پالیسیوں، فیصلوں اور طرز عمل سے ظاہر ہوتا ہے؛ تشخیص، منصوبہ بندی اور اصلاحات کے ذریعے۔

## جسمانی معذوری

ڈی اے آئی تمام ارکان کی قدر کرتے ہوئے سب کی صلاحیتوں کو تسلیم کرتا ہے۔ ہم تمام ارکان سے معذور لوگوں کے حقوق کا احترام کرنے کی توقع رکھتے ہیں چاہے وہ ڈی اے آئی کا حصہ ہوں یا نہ ہوں۔ ہم معذور افراد کی مخصوص ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ملازمت فراہم کرنے کے اپنے ضوابط کے مطابق معقول اقدامات کرتے ہیں۔ ڈی اے آئی تسلیم کرتا ہے کہ معذور افراد کی نمائندگی تمام گروہوں اور برادریوں میں ہونے کے باعث امتیازی سلوک کی متعدد اقسام کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ معذوری کی بنیاد پر ہراساں کرنا یا دیگر متعصب سلوک ڈی اے آئی کے بنیادی اقدار، اس ضابطے اور قابل اطلاق قانون کی خلاف ورزی ہے۔

## اطلاع فراہم کرنے والے کا تحفظ اور اس کے خلاف جوابی کاروائی نہ کرنا

اس ضابطے کے نفاذ کے لیے عملے کے ارکان کی جانب سے خدشات کی اطلاع دینے کی ضرورت کو سمجھنااور اطلاع دینے کی رضامندی ضروری ہے۔ اس ضابطے کی خلاف ورزیوں کے بارے میں انتظامیہ کو اطلاع دینا درحقیقت آپ کا فرض ہے ۔ بعض حالات میں انتظامیہ کو مطلع کرنے میں ناکامی آپ کے خلاف تادیبی کارروائی کی وجہ بن سکتی ہے۔ اس ضابطے کے مطابق کوئی بھی رکن کسی بھی قسم کی انتقامی کارروائی یا ملازمت سے برخاست کیے جانے کے خدشے سے بالاتر ہو کے اخلاقیات یا قوانین کے حوالے سے ذمہ دارانہ تشویش یا شکایت کی اطلاع فراہم کر سکتا ہے۔

عملے کے کسی بھی رکن کی جانب سے اخلاقیات یا قوانین کی خلاف ورزی یا خدشات کی اطلاع دیتے ہوئے نیک نیتی سے کی جانے والی کسی بھی قانونی کاروائی پر ایسے رکن کے خلاف ڈی اے آئی کی جانب سے ملازمت کی شرائط و ضوابط میں پُر تعصب سلوک نہیں کیا جائے گا، اس کے عہدے میں تنزلی نہیں کی جائے گی، معطلی، دھمکی یا ہراسگی نہیں کی جائے گی۔

آپ کے اعلیٰ عہدیداران اس سلسلے میں خصوصی طور پر تربیت یافتہ ہیں ۔ ان سے الزامات کی احترام کے ساتھ سماعت کی توقع کی جاتی ہے۔ اطلاع دینے میں کسی قسم کی رکاوٹ، کسی ممکنہ جوابی کاروائی یا دیگر خدشات کی صورت میں آپ ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر، گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ، ہیومن ریسورسز یا ایتھکس ہاٹ لائن سے رابطہ کریں۔

## عدم امتیاز اور مساوات کی پالیسی

ڈی اے آئی کی کامیابی کا انحصار ہمارے ارکان اور ان کے متنوع نقطہ نظر اور کام کرنے کے امتیازی طریقہ کار پر ہے۔ ہم روزگار کے مساوی مواقع فراہم کرنے والے، مثبت رویوں کے حامل آجر ہیں۔ ہم اپنے کام کے ہر پہلو میں سب کے لیے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ اگر آپ کے پاس ممکنہ امتیازی سلوک یا مساوات کی پالیسی کی خلاف ورزیوں کے بارے میں کوئی سوالات یا خدشات ہیں، تو براہ مہربانی اپنے چیف آف پارٹی/ٹیم لیڈر، ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر، ہیومن ریسورسز، یا ایتھکس ہاٹ لائن سے رابطہ کریں۔

# جنسی استحصال، بدسلوکی اور ہراساں کیے جانے سے تحفظ (SEAH)

جنسی استحصال، بدسلوکی اور ہراساں کیے جانے سے متعلق بین الاقوامی پالیسی اور ہمارے صارفین کے ہاں رائج پالیسیوں کی طرح ڈی اے آئی میں بھی 'بالکل ناقابل برداشت' کی پالیسی لاگو ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ڈی اے آئی میں عملے کے تمام اہلکاروں، کنسلٹنٹس، سہولت کار، ذیلی ٹھیکیداروں اور وصول کنندگان کے لیے مندرجہ ذیل اصول پر عمل کرنا ضروری ہے۔ کسی بھی الزام یا شک کی تحقیقات کی جائیں گی جس کے بعد مناسب کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

- کسی نابالغ بچی یا بچے کے ساتھ جنسی عمل نہ کیا جائے: قطع نظر اس کے کہ مقامی طور پر رضامندی کی عمر کچھ بھی ہو، 18 سال سے کم عمر بچہ یا بچی نابالغ مانا جائے گا ۔ بچے کی عمر سے متعلق مقامی نظریہ یا غلط فہمی دفاع میں استعمال نہیں ہو سکتے۔
- جنسی خدمات نہ حاصل کی جائیں: اس میں دفتری اوقات کے دوران یا اس کے بعد بالغان کو ادائیگی کر کے کسی بھی قسم کی جنسی خدمات حاصل کرنا شامل ہے۔ یہ اصول لاگو رہے گا چاہے مقامی طور پر جسم فروشی کی اجازت ہی کیوں نہ ہو۔ اس ممانعت میں غیر مالیاتی اشیاء جیسے کہ سامان یا خدمات کے بدلے جنسی احسانات حاصل کرنا شامل ہے ۔ اسی طرح ملازمت، ٹھیکے، کام دینے، کاروباری قربت داری یا اہلیت و اسناد دینے کے بدلے جنسی خدمات حاصل کرنا یا قبول کرنا بھی سختی سے منع ہے۔
- کام کے مقام میں یا اس سے باہر، کسی قسم کا بھی جنسی استحصال، دست درازی، بدسلوکی اور ہراسگی ڈی اے آئی کی پالیسی کی خلاف ورزی ہے۔

ڈی اے آئی کا عزم جنسی استحصال، بدسلوکی اور ہراسگی کے مواقع کم سے کم کر کے اور ضروری تربیت کے ذریعے اسے روکنا ہے۔ ان کوششوں میں بچوں کے ساتھ کیلیے رابطوں پر پابندی اور شک کی اطلاع فراہم کرنے کی اہمیت سمجھانا شامل ہیں۔ ہم ایسے ماحول کی تشکیل کر رہے ہیں جہاں جنسی استحصال، بدسلوکی اور ہراسگی کی کوئی بھی قسم بالکل ناقابل برداشت ہو۔ ایسا ماحول جہاں عملے کے تمام ارکان قابل احترام، قابل قدر، اور ہراساں کیے جانے سے تحفظ محسوس کریں۔

## جنسی استحصال، بدسلوکی اور ہراساں کیے جانے سے تحفظ (SEAH)

ڈی اے آئی بچوں، خواتین اور دیگر قابلِ شکار بالغوں کو جنسی استحصال، بدسلوکی اور ہراساں کیے جانے کی کسی بھی شکل سے سے تحفظ کاایک غیر متزلزل عزم رکھتا ہے۔ یہ پالیسی ڈی اے آئی میں دیگر پالیسیوں اور طریقہ کار مثلاً؛ بچوں کے تحفظ، جدید دور کی غلامی، غلط کاری کی اطلاع اور تنازعات کے حل کے طریقہ کار کی طرح لاگو ہے۔ ڈی اے آئی کے عملے یا اس کے ساتھ کام کرنے والے کسی سہولت کار کی جانب سے جنسی استحصال، بدسلوکی اور ہراساں کرنا ہماری تمام بنیادی اقدار، ہمارے صارفین کی اقدار اور بین الاقوامی ترقی کے شعبے کی بنیادی اقدار کی خلاف ورزی ہے ۔ ڈی اے آئی دنیا بھر کے بہترین طریقہ کار کو اپنانے کی کوشش کر تا ہے۔ مثال کے طور پر ڈی اے آئی میں رائج جنسی استحصال، جنسی دست درازی اور جنسی طور پر ہراساں کیے جانے کی وضاحتیں اقوامِ متحدہ میں رائج تفصیلات کے مطابق ہیں۔

> دعوت میں اس وقت تک وہ نشے میں دھت ہو چکا تھا اور خاتون اس کے ناقابلِ برداشت رویے اور دست درازیوں سے انتہائی بے چین نظر آرہی تھی۔
>
> آپ کا ردِ عمل کیا ہوگا؟



## بچوں کا تحفظ

ڈی اے آئی کا نظریہ ہے کہ اقوام متحدہ کے بچوں کے حقوق کے کنونشن، افریقی چارٹر برائے حقوق اور بہبود اور دیگر ایسی تمام دستاویزات کے مطابق تمام بچے اور اٹھارہ سال سے کم عمر تمام افراد بدسلوکی، نظرانداز کیے جانے ، استحصال اور تشدد سے محفوظ رہنے کا حق رکھتے ہیں۔

**اس کا مطلب ہے کہ ہم بچوں کو مندر جہ ذیل سے محفوظ رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرتے ہیں:**

- جسمانی زیادتی
- جنسی زیادتی یا استحصال
- جذباتی زیادتی
- غفلت اور لاپرواہی کا علاج
- بچوں کی غیر قانونی منتقلی
- تجارتی استحصال—بشمول چائلڈ لیبر اور جدید غلامی

بچوں کے ساتھ بدسلوکی کے بارے میں مختلف ممالک میں مختلف وضاحتیں اور تفہیم ہیں۔ لیکن بنیادی اصول ہمیشہ یہی رہے گا کہ بچوں کے حقوق اور بہبود سب سے زیادہ اہمیت کے حامل ہیں۔ یہاں تک کہ اگر مقامی ماحول یا ثقافت میں بچوں کے ساتھ بدسلوکی کی کوئی گنجائش ہے تو بھی ڈی اے آئی سے پیشہ ورانہ طور پر وابستہ کسی فرد سے ایسا رویہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔

اگر آپ کو کوئی بچہ کسی بھی قسم کی بدسلوکی یا نظر اندازی کے خطرے میں نظر آئے تو آپ فوری طور پر مناسب ذرائع سے اس کی اطلاع دیں۔ اس کی تحقیق خود نہ کریں۔ اگر آپ کو یقین نہیں ہے کہ کیا کرنا ہے تو اپنے سپروائزر، چیف آف پارٹی یا ٹیم لیڈر، ہیومن ریسورسز، یا ایتھکس اینڈ سیف گارڈنگ ٹیم سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ ڈی اے آئی سے منسلک کوئی فرد کسی بچے کے ساتھ بدسلوکی یا کر رہا ہے یا متعصب سلوک کا نشانہ بنا رہا ہے تو آپ فوراً اس کی اطلاع دیں۔ اگر آپ کو لگے کہ بچہ زیادہ خطرے میں ہے اور ہنگامی نوعیت کی صورتحال درپیش ہے تو فوراً مقامی حکام یا نفاذِ قانون کے اداروں کو مطلع کریں۔

یہ فیصلہ ڈی اے آئی کے اختیار میں نہیں کہ کسی بچے کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے یا نہیں۔ تشویش کی کوئی وجہ ثابت ہونے پر ڈی اے آئی کی جانب سے یقینی طور پر متعلقہ حکام کو مطلع کیا جائے گا۔

## حفاظتی خدشات کی اطلاع دینا

اگر آپ جنسی استحصال، بدسلوکی اور ہراسگی کی کسی بھی قسم کا نشانہ بنی ہوں / بنے ہوں یا آپ کے علم میں ایسا کوئی واقعہ آیا ہو، تو ہم آپ کے منتظر ہیں۔ اس پالیسی کے نفاذ کے لیے ارکان اور دیگر افراد کے تحفظ سے متعلق خدشات کی اطلاع دینے کے لیے آمادگی ضروری ہے۔ متاثر ہونے والے یا ایسی کسی درست درازی سے محفوظ رہنے والے افراد عموماً خاموشی اختیار کرلیتے ہیں۔ ایسی صورت میں ایسے واقعات، مشتبہ پیش قدمیوں، یا حادثات کے گواہ ضرور اس کی اطلاع تمام ذرائع کو فراہم کریں۔

شکار ہونے والے یا بچ نکلنے والے اور ایسے واقعہ کی اطلاع فراہم کرنے والے فرد یا افراد کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ اگر ایسے کسی نامناسب واقعے کو پیش آئے ہوئے عرصہ گذر چکا ہو، تب بھی ہم اس کے بارے میں جاننا چاہیں گے۔ آپ چاہے شکار ہوں، بچ نکلنے والے ہوں یا صرف گواہ، تاخیر سے اطلاع دینے پر کوئی آپ پر تنقید نہیں کرے گا۔

**تحفظ سے متعلق شبہات پر مندر جہ ذیل اعلیٰ عہدیداران سے براہِ راست رابطہ کیا جاسکتا ہے:**

- گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ : safeguarding@dai.com
- ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسرز : ethics@dai.com
- ایتھکس ہاٹ لائن : www.dai.ethicspoint.com اور ethics@dai.com
- کسی بھی پروجیکٹ یا براہِ راست ہیڈ کوارٹرز میں ہیومن ریسورس سے رابطہ۔
- چیف آف پارٹی، ٹیم لیڈر یا سپر وائزر سے رابطہ
- کسی بھی پروجیکٹ آفس یا ڈی اے آئی کے دفتر میں سیف گارڈنگ فوکل پوائنٹ سے رابطہ
- ملازمین کسی بھی وقت براہِ راست اطلاع دے سکتے ہیں۔

اخلاقیات اور ضوابط سے متعلق شکوک پر نیک نیّتی سے کوئی قانونی کاروائی کرنے والے فرد کو ڈی اے آئی کی جانب سے برطرفی، تنزلی، معطلی، دھمکی یا کسی قسم کی ہراسگی کا نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔ آپ کے اعلیٰ عہدیداران اور سپروائزر ایسے الزامات کی احترام کے ساتھ سماعت کے لیے خصوصی طور پر تربیت یافتہ ہیں۔ ان سے ایسے معاملات پر احسن طریقوں سے کاروائی کی توقع کی جاتی ہے۔ اگر اطلاع دینے میں آپ کو کوئی شکوک و شبہات ہوں، یا آپ کوئی جوابی کاروائی متوقع کر رہے ہوں تو ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر، گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ، ہیومن ریسورس یا ایتھکس ہاٹ لائن پر رابطہ کریں۔

ایسی کسی بھی اطلاع، الزام یا مشتبہ سرگرمی پر تربیت یافتہ اور تجربہ کار عہدیداران کی جانب سے فوری طور پر کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈی اے آئی میں تمام تحفظات یا الزامات اور تحقیقات پر کاروائی نا پسندیدہ سرگرمی کے شکار یا ان سے بچنے والے افراد پر مرکوز کرکے عمل میں لائی جاتی ہے۔

## سیاسی وابستگی اور سرگرمیاں

بطور ایک شہری آپ سیاسی عمل میں شرکت اور سیاسی عطیات دینے کا حق رکھتے ہیں۔ آپ ایسا دعوی نہیں کرسکتے کہ جیسے ڈی اے آئی یہ تعاون کر رہا ہے۔ آپ کو اپنی سیاسی وابستگی اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں یا ڈی اے آئی اور اس کے صارفین کے مفادات کے درمیان کسی ممکنہ تنازعہ کا بھی خیال رکھنا پڑے گا۔

ڈی اے آئی دنیا میں کہیں بھی سیاسی تعاون بذریعہ نقد رقم یا کسی اور ذریعے سے نہیں کرتا ہے۔ اس ممانعت میں سیاسی سرگرمیوں، سیاسی جماعتوں یا ان کے نمائندوں، سیاسی مہمات، اور امیدواروں یا ان سے وابستہ تنظیموں کی حمایت بھی شامل ہے۔ سیاسی سرگرمیوں کے بارے میں کوئی سوال یا خدشات آپ کے سپروائزر، چیف آف پارٹی/ٹیم لیڈر، ہیومن ریسورس، یا ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر سے دریافت کیے جا سکتے ہیں۔



## انسانوں کی غیر قانونی منتقلی کا سدِ باب

ہم بلا تفریق تمام انسانوں کو عزت، انصاف اور احترام کا مستحق سمجھتے ہوئے بنیادی انسانی حقوق کو برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ڈی اے آئی اپنے کارکنوں کی صحت اور حفاظت کے لیے سنجیدہ وابستگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے انسانی حقوق کے قوانین کی پاسداری کرنے والے سہولت کاروں، ٹھیکیداروں، کنسلٹنس، وصول کنندگان اور صارفین کے ساتھ کام کرے گا۔ ڈی اے آئی میں براہِ راست اور بالواسطہ، کسی بھی ذمہ داری کی ادائیگی کے لیے غلاموں کا استعمال نہیں کیا جاتا۔ ہم جنسی تجارتی عمل، انسانوں کی غیر قانونی منتقلی، کام کرنے کے غیر محفوظ حالات اور انسانوں خصوصاً ملازمین کے ساتھ ذلت آمیز سلوک بالکل برداشت نہیں کریں گے۔

غیر قانونی انسانی منتقلی میں ملوث پائے جانے والے ڈی اے آئی کے کسی بھی کارکن، ملازم، سہولت کار، فراہم کنندہ، مشیر، ٹھیکیدار، وصول کنندہ کو برطرف کر دیا جائے گا۔ غیر قانونی انسانی منتقلی کا شبہ یا یقین ہوتے ہی اپنے سپر وائزر، چیف آف پارٹی، ٹیم لیڈر، ہیومن ریسورس، چیف ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر یا گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ کو مطلع کریں۔



"ڈی اے آئی غیر قانونی انسانی منتقلی کی تمام اقسام کے خلاف سخت ترین ممکنہ موقف اختیار کرتا ہے۔ اسمگلنگ غربت، ناانصافی اور عدم مساوات کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یعنی ہر وہ چیز جس کے خاتمے کے لیے ڈی اے آئی کوشاں ہے۔"

— سارہ میگوائر،
گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ

## ڈیٹا پرائیویسی یا معلومات کا تحفظ

ڈی اے آئی ذاتی اور دفتری معلومات اور ڈیٹا کی حفاظت کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے۔ ہم نے یورپی یونین کے جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشنز (GDPR) کے تقاضوں کو ڈیٹا کی رازداری کے لیے اپنے عالمی معیار کے طور پر اپنایا ہے جیسا کہ ہماری رازداری کی پالیسی (https://www.dai.com/privacy-policy) میں بھی ظاہر ہے۔ ہم ذاتی معلومات صرف کاروباری مقاصد کے لیے درکار ہونے پر حاصل کرتے ہیں۔ ہم اسے قانونی اور منصفانہ طریقے سے محفوظ رکھتے ہیں۔ ڈیٹا اکٹھا کرنے، اس پر کارروائی کرنے اور رکھنے کے لیے افراد کی ہمیشہ رضامندی حاصل کی جاتی ہے۔ ڈی اے آئی آپ کی ذاتی معلومات دوسروں کو اسی وقت فراہم کرے گا جب ہمیں قانونی طور پر ایسا کرنے کی اجازت ہو، اور اسے صرف معقول حد تک ضرورت کے وقت تک برقرار رکھا جائے گا ۔

ذاتی معلومات کی کسی بھی حادثاتی یاغیر قانونی خلاف ورزی کی اطلاع فوری طور پر آپ کے سپروائزر، ٹیم لیڈر/چیف آف پارٹی، OIMT سپورٹ ڈیسک یا (support@dai.com) چیف ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر کو جلد از جلد دینی چاہیے۔



## ذرائع ابلاغ اور ہمارے کام سے متعلقہ افراد و اداروں کے ساتھ رابطے

ٹیم لیڈر یا چیف آف پارٹی ہمارے منصوبوں سے متعلق معلومات عام کرنے کے لیے ضرورت کے مطابق ذرائع ابلاغ سے رابطے میں رہتے ہیں اور پریس کانفرنس وغیرہ کا انعقاد کرتے ہیں۔ اگر کوئی اخبار، نیوز چینل یا ویب سائٹ آپ سے رابطہ کرکے ڈی اے آئی، ہمارے صارفین یا ہمارے کام سے متعلق معلومات مانگے تو کسی بھی قسم کی معلومات فراہم کرنے سے قبل ڈی اے آئی کارپوریٹ کیمونی کیشن کے سربراہ سے رابطہ کرکے ان کی ہدایات پر عمل کریں۔ اگر آپ کے خیال میں آپ کی سوشل میڈیا پر کی جانے والی کوئی سرگرمی ڈی اے آئی یا ہمارے صارفین کے کام کو متاثر کر سکتی ہے تو براہ کرم کارپوریٹ کمیونیکیشن کے سربراہ یا چیف ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر سے رابطہ کریں۔

## معلومات، ای میل، اور سوشل میڈیا کا ذمہ داری سے استعمال

ڈی اے آئی میں عالمی برقی مواصلات اور وسائل روزمرہ کاروباری سرگرمیوں میں معمول کے مطابق استعمال کیے جاتے ہیں۔ غیر ضروری، جارحانہ، اختلافی، دھمکی آمیز، ہراساں کرنے والے یا نامناسب پیغامات اور گرافکس یا چین میسیجنگ، دھوکہ دہی پر مبنی مواد کو محفوظ یا ترسیل کرنے کے لیے، یا کسی بھی بدنیتی پر مبنی، غیر مجاز، یا دھوکہ دہی پر مبنی سرگرمی کے لیے ڈی اے آئی کے انٹرنیٹ رابطے ، آلات و دیگر وسائل استعمال نہ کریں۔ اس کے علاوہ، تجارتی، خیراتی، مذہبی، یا سیاسی وجوہات کے لیے یا مالی تعاون کی درخواست کرنے اور نیٹ ورک کے صارفین کے استعمال میں دخل دینے، آلات یا کنیکشن میں مداخلت یا خلل ڈالنے سے گریز کریں۔ ڈیٹا بیس یا معلوماتی ذرائع تک غیر مجاز رسائی حاصل کرنا یا کمپیوٹر کے آلات، سافٹ ویئر یا ڈیٹا کو نقصان پہنچانا ملازمت سے فارغ کیے جانے کا سبب بن سکتے ہیں۔



## مستثنیٰ

- ذاتی تحفظ کے لیے ادائیگیاں. پولیس، ملٹری یا نیم فوجی دستوں کی جانب سے پیسے کا مطالبہ، یا صحت اور جان کو کوئی خطرہ درپیش ہونے کی صورت میں ذاتی حفاظت کے لیے ادائیگی کی جا سکتی ہے۔ البتہ ایتھیکس رپورٹنگ کو جلد از جلد واقعے کی اطلاع دیں۔

- مہمان نوازی، برائے نام تحائف، اور اعزازیے. ڈی اے آئی سے منظور شدہ برائے نام مالیت کی اشتہاری اشیاء مثلاً قلم، ٹوپیاں، ٹی شرٹس، وغیرہ، اعترافی اسناد و شیلڈ اہلکاروں کو پیش کیے جا سکتے ہیں۔ مقامی رسم و رواج کے مطابق معمولی کھانے اور الکوحل سے پاک مشروبات کی بھی اجازت ہے۔ تاہم، کسی بھی صورت اس کی حد 20 امریکی ڈالر فی شخص/فی موقع یا 50 امریکی ڈالر فی شخص سالانہ کے متوازی ، سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ سرکاری اہل کاروں کی کبھی کبھار میزبانی کے لیے برائے نام مالیت کا اعزازیہ، ڈیوٹی اور کام کے اوقات کے علاوہ مقامی قوانین اور پالیسیوں سے ہم آہنگ ہونا چاہیے۔

### خریداری میں ممکنہ بے ضابطگیوں کی مثالیں یا اشارے :

- بولی لگانے والوں کے پتے اور فون نمبر فراہم کردینا۔
- آرڈر کے اجراء کے بعد کی تبدیلیوں میں نئے، بلاجواز یا بڑھتے ہوئے اخراجات
- ایک ہی ٹھیکیدار کو بہت سارے کام کا اجراء
- ٹینڈر کے جواب میں بولی کے لیے غیر معقول طور پر مختصر وقت کی فراہمی
- معاہدے کی شرائط کی تکمیل میں ناکامی۔
- جھوٹی، اضافی اشیاء والی یا ڈپلیکیٹ انوائسز۔
- حقیقت کے منافی بیانات اور بلند دعوے۔
- متبادل مصنوعات کی پیشکش
- بولی کی قیمت سے متعلق معلومات کسی کو فراہم کردینا
- فرضی تاجر یا سہولت کار
- بولیوں میں ہیرا پھیری
- ذاتی استعمال یا دوبارہ فروخت کے لیے خریداری۔
- کسی خاص سہولت کار کوفائدہ پہنچانے کے لیے تفصیلات یا شرائط میں ردو بدل
- خریداری کی حد سے بچنے کے لیے حد کی تقسیم
- غیر متوازن پیشکشیں یا بولیاں
- ایک ہی ذریعے کو بلا جواز تمام آرڈر جاری کرنا
- غیر ضروری اشیاء یا خدمات کی خریداری
- ملی بھگت / ساز باز
- غیر ارادی اداروں سے خریداری، اور انہیں ادائیگی کرنا۔



# دیانت داری

## انسدادِ رشوت اور بدعنوانی

آپ کو ایسی ہر سرگرمی سے گریز کرنا چاہیے جو یو ایس فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ (FCPA)، یو کے برائبری ایکٹ (UKBA)، آسٹرین کریمنل لاء کوڈ، بیلجیم کریمنل کوڈ، مقامی قانون، یا بہترین عمل کے بین الاقوامی معیارات کی خلاف ورزی ہو ۔ ڈی اے آئی تمام منصوبوں اور سرگرمیوں میں یو کے برائبری ایکٹ کے مطابق خود کو جوابدہ سمجھتا ہے۔ آپ رشوت اور بدعنوانی کی روک تھام کے لیے ڈی اے آئی کی مدد کرنے کے ذمہ دار ہیں:

- رشوت. براہِ راست یا بالواسطہ مانگنے، قبول کرنے اور ، پیشکش کرنے سے پرہیز کریں۔ کاروبار، ٹھیکے یا دیگر ناجائز کاروباری فوائد حاصل کرنے کے لیے رشوت یا دیگر نامناسب ادائیگی، تحفہ نہ دیں اور اس مقصد کے لیے احسان یا مہمان نوازی بھی نہ کریں۔
- ادائیگی برائے سہولت. سرکاری محکموں میں اپنے کاموں میں کے لیے اہلکاروں کو ادائیگیاں نہ کریں۔ یو کے برائبری ایکٹ کے تحت کام کروانے کےلیے سہولیات کی فراہمی بھی ممنوع ہے۔ مخصوص حالات میں ڈی اے آئی کسٹم سے سامان کلیئر کروانے کے لیے ایک ایکسپیڈیٹر یعنی کلیئرنگ فارورڈنگ ایجنٹ کی باضابطہ خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ ایسے کسی بھی معاہدے میں حوالہ جات کی شرائط واضح ہونی چاہئیں اور سرکاری اہلکار کے لیے ادائیگیوں کو ممنوع قرار دینا چاہیے۔
- معاہدے کی رقم میں اپنا حصہ رکھنا. ڈی اے آئی کے ساتھ منسلک ٹھیکے داروں، سہولت کاروں یا وصول کنندگان سے کبھی بھی کسی قیمتی چیز کا مطالبہ نہ کریں اور نہ ہی قبول کریں۔ البتہ برائے نام قیمت کے تحائف اور مہمان نوازی مثلاً کام کے دوران پیش کیا جانے والا کھانا یا ادارے کے لوگو والی ڈائری، وغیرہ قبول کر سکتے ہیں۔
- جنسی استحصال. ڈی اے آئی کے وصول کنندگان کی مدد کے لیے جنسی تعلق کی کبھی شرط نہ رکھیں۔
- صلہ یا اضافی انعام. سرکاری اداروں سے کام ہونے کے بعد کسی بھی سرکاری اہلکار کو تحائف اور رقم کی ادائیگی یا کھانے کی پیش کش نہ کریں۔رکھیں۔
- عطیات. ڈی اے آئی کی جانب سے عوامی عہدوں کے لیے امیدواروں یا سیاسی جماعتوں یا دیگر تنظیموں کو چندہ نہ دیں۔ آپ اپنی ذاتی حیثیت میں عطیات دے سکتے ہیں۔

## ادارتی مفادات کے تصادم سے تحفظ

ڈی اے آئی میں اصولوں اور قوائد پر عمل کیا جاتا ہے۔ ہم متضاد کرداروں یا غیر منصفانہ فوائد سے بے نیاز ہو کر منصفانہ مقابلہ کرنے اور اعلیٰ معیار کے کام کرنے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔
مفادات کے تصادم کی پیش بینی اور انتظام کرتے وقت ظاہری شکل اہم ہوتی ہے۔ ممکنہ تعصب یا غیر منصفانہ فائدہ کا جواب دینے کے بارے میں آپ کا وجدان ایک مفید رہنما ہے۔ کسی بھی تنازعہ یا اس کی وجوہات کو محدود کرنے کے لیے فوری کاروائی کریں ۔ غیر منصفانہ فائدے پر مبنی مفادات کے تصادم کو روکنے کے لیے آپ کسی بھی ایسی صورت حال یا خدشے کے بارے میں جو ادارتی مفادات کا ممکنہ تصادم محسوس ہو، فوری اور مکمل طور اپنے سپروائزر، ٹیم لیڈر، چیف آف پارٹی، یا ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر کو پر مطلع کرکے ڈی اے آئی کی مدد کرنے کے ذمہ دار ہیں۔

کسی بھی ادارے میں مفادات کے ممکنہ تنازعات کی عام مثالیں درج ذیل ہیں۔ ایسی کوئی بھی معلومات آپ کے علم میں آنے پر اپنے سپروائزر، چیف آف پارٹی، ٹیم لیڈر، یا ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر کو فوری مطلع کیا جانا چاہیے۔

- **خریداری کے عمل سے متعلق حساس معلومات.** مسابقتی کاروائیوں سے متعلق غیر عوامی معلومات، جیسے مسودہ کی شرائط، کام کی تفصیل اور صارف کے بجٹ کو ایک غیر منصفانہ فائدہ سمجھا جا سکتا ہے اور ایسی تفصیلات تک رسائی یا اسے قبول کرنے سے پرہیز کرنا چاہیے۔ اسی طرح، ذیلی معاہدوں اور ادائیگیوں سے وابستہ ڈی اے آئی پروکیورمنٹ سے متعلق حساس معلومات کو بھی منصفانہ اور قابل اعتماد عمل کو یقینی بنانے کے لیے افشاء ہونے سے محفوظ رکھا جانا چاہیے ۔
- **صارف کے لیے کاروائیوں کی منصوبہ بندی اور.** مسابقتی دستاویز میں براہ راست معلومات فراہم کرنے سے ایسا تاثر پیدا ہو سکتا ہے کہ سرگرمی ڈی اے آئی کے حق میں ہی تیار کی گئی ہے۔
- **ہماری اپنی کارکردگی کا اندازہ.** مقاصد کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے کسی فریق ثالث کے ذریعے جانچ پڑتال کا عمل کروایا جائے۔
- **حریفوں کی ملکیتی یا کاروباری حساس معلومات.** ہمارے حریفوں سے متعلق معلومات بشمول تجویز کردہ بجٹ، بالواسطہ لاگت کی شرح، تنخواہیں، اور تکنیکی طریقہ کار کے بارے میں نہیں پوچھا جانا چاہیے ۔ ایسی معلومات نادانستہ طور پر موصول ہو جانے کی صورت میں اسے مزید ظاہر ہونے سے محفوظ رکھا جانا چاہیے۔

## ذاتی مفادات سے متعلق تنازعات کی روک تھام

ڈی اے آئی کی کامیابی کا انحصار ہمارے حدف وضح کرنے، دانشمندانہ فیصلے اور دیانتداری کے ساتھ کام کرنے کی صلاحیت پر ہے۔ کسی کارکن کی ذاتی دلچپسی کا اس کے پیشہ ورانہ فیصلے پر اثر انداز ہونے سے مفادات کا ایک حقیقی یا ظاہری تصادم پیدا ہوتا ہے۔ آپ کو ایسی نوبت نہیں آنے دینی چاہیے جہاں آپ کے پیشہ ورانہ فیصلے یا سرگرمی پر دیگر ملازمت، احکامات یا قریبی ذاتی یا خاندانی تعلقات اثر انداز ہونے لگیں۔ ڈی اے آئی میں ممکنہ طور پر مفادات کے تصادم جیسی کسی بھی صورت حال پر بروقت قابو پانے کے لیے آپ اپنے سپروائزر، ہیومن ریسورس، یا ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر کو فوری طور پر اور مکمل طور پر مطلع کرنے کے
ذمہ دار ہیں۔

ذاتی الچپسی کے باعث ممکنہ تنازعات کی کچھ عام مثالیں، جن کے پیش آنے آپ اپنے سپروائزر، ہیومن ریسورس، یا ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر کو مطلع کر سکتے ہیں:

- **اضافی ملازمت.** ڈی اے آئی کے کل وقتی ملازم ہوتے ہوئے کسی اور ادارے میں اضافی یا جز وقتی ملازمت کرنا جس سے باقاعدہ کام کرنے کی آپ کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے۔
- **مالی مفادات.** ڈی اے آئی کے کسی کاروباری حریف یا ڈی اے آئی کے لیے ہی کام کرنے والے سہولت کار یا ٹھیکیدار کے ادارے میں آپ کی سرمایہ کاری یا مالی مفاد۔
- **بورڈ کی رکنیت.** ڈی اے آئی کے کسی حریف، صارف، سہولت کار یا ٹھیکیدار ادارے کے بورڈ کی رکنیت۔
- **عزیز و اقارب کو ملازمت دینا.** کسی عزیز یا رشتہ دار کو ملازمت دینا یا ایسے کسی فرد کا آپ کے زیرِ نگرانی خدمات انجام دینا۔ اپنے کسی عزیز یا رشتے دار کے حق میں یا عزیز رشتے دار کے ادارے سے کاروباری معاہدہ کرنا یا کرانا، یا گرانٹ جاری کرانا۔ یا ایسے ادارے کے حق میں معاہدہ کرانا جہاں آپ کا کوئی عزیز رشتے دار زیرِ ملازمت ہو۔
- **تحائف اور تفریح.** کسی بھی کاروباری حریف، ذیلی ٹھیکیدار، سہولت کار، یا وصول کنندہ سے کوئی بھی نقد، گراں قدر تحائف، قرض، سفر و تفریح کے اخراجات، یا فوائد طلب کرنا یا قبول کرنا۔
- **ملکیتی معلومات.** ڈی اے آئی کے عملے کے ارکان کو اکثر ملکیتی معلومات یا دستاویز تک رسائی دی جاتی ہے جنہیں ذاتی فائدے کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔

## درست فیصلہ اور اس کی دستاویز

اخلاقیات اور اصول کامیاب کارکردگی کی بنیاد ہیں۔ اگرچہ بعض اوقات اہداف کے حصول میں مصلحت کی خاطر غلط طریقہ کار کا استعمال ناگزیر نظر آتا ہے، لیکن بروقت اور مناسب منصوبہ بندی سے اس سے بچا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کو ایک فوری مسئلہ درپیش ہے جس کے ممکنہ کے لیے حل ڈی اے آئی کی پالیسی سے مستثنیٰ ہونے کی ضرورت ہے تو فوری طور پر اپنے سینئر مینیجرز اور چیف آف پارٹی، ٹیم لیڈر سے مشورہ کریں۔ پالیسی کے استثنیٰ کی وجوہات کو دستاویز کرنے میں تاخیر نہ کریں، مسئلہ، حلات اور فیصلے کے نتائج کو یقینی طور پر بیان کریں۔

## معلومات اور ڈیٹا کا تحفظ

آپ کو ڈی اے آئی کے کام کی کارکردگی میں حاصل کردہ ملکیتی اور اندرونی معلومات کی حفاظت کے لیے چوکنا رہنا چاہیے۔ ایسی کوئی بھی معلومات جس کا اجراء کسی فرد یا کاروبار کی رازداری، ادارے کی مسابقت پر، یا صارف کے منصوبوں یا ان کے غیر ملکی تعلقات پر منفی اثر ڈال سکے اسے ملکیتی یا خفیہ سمجھا جاتا ہے۔ ایسی معلومات کو محفوظ اور محدود کیا جانا چاہیے۔ ملکیتی یا خفیہ معلومات، غیر عوامی خریداری سے متعلق حساس معلومات، مالیاتی دستاویز، مالیاتی کارکردگی کے دستاویزات، مالیاتی منصوبے، طبّی اور ذاتی معلومات، اور ڈی اے آئی کی پیش کردہ تجاویز خفیہ اور اندرونی معلومات کی مثالیں ہیں۔ آپ کسی بھی وجہ سے صارفین، شراکت داروں، یا فائدہ اٹھانے والوں سے متعلق کوئی بھی معلومات ظاہر نہیں کر سکتے۔ اگر آپ کو ایسی معلومات ڈی اے آئی سے باہر بھیجنے کی ضرورت پیش آجائے تو مناسب طریقے سے انکرپٹڈ ای میلز یا ویب سائٹس کا استعمال کریں۔ ایسی معلومات کو ڈی اے آئی سے باہر جاری کرنے کے لیے اعلیٰ انتظامیہ کی منظوری یا معاہدے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، اس لیے براہ کرم کارروائی کرنے سے پہلے اعلیٰ انتظامیہ سے مشورہ کریں۔ ایسے اجازت نامے اور معاہدے جنرل کونسل سے دستیاب ہیں۔



## نیک نیتی اور منصفانہ مسابقت کو فروغ دینا

ترقیاتی منصوبوں کی کامیاب اور فائدہ مند تکمیل کے لیے ہماری کوشش ڈی اے آئی اور ہمارے صارف کو خرچ کیے جانے والی رقوم کا بہترین متبادل دلانے کی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم سازو سامان، ضروریات اور خدمات کا انتظام یا خریداری کرتے وقت منصفانہ مسابقت کو فروغ دیتے ہیں ۔ ہم اپنے سہولت کاروں، ٹھیکیداروں، کنسلٹنٹس اور ایوارڈ حاصل کرنے والوں کے ساتھ ڈی اے آئی کی اقدار کے مطابق سلوک کرتے ہیں۔ ڈی اے آئی کی پالیسیاں اور طریقہ کار قیمت، معیار، اور تکمیل کی صلاحیت کو مدنظر رکھتے ہوئے بہترین سہولت کاروں، ٹھیکیداروں، کنسلٹنٹس کے جلد اور منصفانہ انتخاب کے لیے تیار کیے گئے ہیں۔ ڈی اے آئی میں خریداری کے عمل میں دکانداروں اور پیشکش کنندگان کے لیے درخواست کے بارے میں معلومات کے حصول اور چیف آف پارٹی/ٹیم لیڈر، ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر، یا ایتھکس ہاٹ لائن کو کسی بھی قسم کے خدشات کی اطلاع دینے کا طریقہ کار شامل ہے۔

خریداری کا موثر نظام رشوت، بد عنوانیوں یا مفادات کے تنازعات پر واضح ممانعت برقرار رکھتے ہوئے سہولت کاروں اور ٹھیکیداروں کے ساتھ ہمارے تعلقات کو مضبوط کرتا ہے۔ یہ مشق مؤثر معاہدے کرنے کے لیے ضروری ہے اور منصفانہ مسابقت اور نیک نیتی سے لین دین کے لیے ایک معیار طے کرتی ہے۔ خریداری کی پالیسیوں اور بہترین طریقہ کار کے بارے میں رہنمائی کے لیے اپنی پروجیکٹ سپورٹ ٹیم سے رابطہ کریں۔

اس کے ساتھ ساتھ ڈی اے آئی میں منصفانہ مسابقت کے حق میں اور اجارہ داری کے خلاف تمام قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کی جاتی ہے۔ یہ قوانین مسابقت میں کمی کرنے یا اسے روکنے والے طرزِ عمل کو منع کرتے ہوئے منصفانہ اور ایمانداری سے کاروبار کو یقینی بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اگر آپ کو اجارہ داری اور منصفانہ مسابقت سے متعلق قوانین کے موثر ہونے پر کوئی شبہ ہو تو ڈی اے آئی کے جنرل کاؤنسل سے رابطہ کریں۔

## تحفے تحائف اور تفریح

ڈی اے آئی کے ملازمین، ان کے اہلِ خانہ، اور ڈی اے آئی کے تمام سہولت کاروں اور ذیلی ٹھیکیداروں کو یو کے برائبری ایکٹ(UKBA)، فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ (FCPA) اور انسدادِ بدعنوانی کے قوانین کی تعمیل کرنی چاہیے تاکہ وہ سرکاری اہلکاروں کو منظوری، کام کروانے، یا کام کے معاہدے حاصل کرنے کی غرض سے تحائف بشمول سازوسامان، رقم، غیرمعمولی رعایت، یا پسندیدہ ذاتی سلوک نہ پیش کریں اور نہ ہی فراہم کریں۔

## اخلاقی بنیادوں پر فیصلہ سازی کا طریقہ کار

اعلیٰ عہدیداران سے مشاورت کا وقت یا موقعے کی عدم دستیابی کی صورت میں یہ طریقہ کار آپ کو اخلاقی بنیادوں پر فیصلہ کرنے میں مدد گار ہوگا :

- مخصوص مسئلہ اور اس کے ممکنہ حل کیا ہیں؟
- کیا آپ کا ترجیحی حل جائز اور قانونی ہے؟
- کیا یہی درست طریقہ کار ہے؟
- کیا آپ کا مجوزہ حل ڈی اے آئی کی اقدار کی عکاسی، پالیسیوں اور اس کے ضابطہ اخلاق کی تعمیل کرتا ہے؟
- کیا آپ اپنے اعمال پر بغیر کسی ہچکچاہٹ کے اپنے ساتھیوں، دوستوں یا اہلِ خانہ کے ساتھ تبادلہ خیال کر سکیں گے؟
- آپ کا فیصلہ اخبارات میں چھپ جانے یا ذرائع ابلاغ میں شائع ہو جانے کی صورت میں آپ کیسا محسوس کریں گے؟

## بین الاقوامی تجارتی پابندیوں کی تعمیل

ایک ملک سے دوسرے ملک سامان لے جانا اور بھیجنا ترسیلی ممالک کے کسٹم قوانین کے تابع ہوتا ہے۔ کچھ اشیا اور خدمات بشمول برقی آلات، خوردنی مصنوعات، کیمیائی مادے، اور قیمتی اشیا اور دیگر پر کسٹم اور درآمد و برآمد کے اضافی قوانین یا پابندیاں لاگو ہو سکتے ہیں۔ ڈی اے آئی کی جانب سے اشیاء بیرون ملک لے جاتے ہوئے یا بھیجتے ہوئے اپنے بھیجے جانے والے ملک، راستے میں آنے والے ممالک اور منزل کے ملک کے قوانین سے آگاہی حاصل کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے سامان کی ترسیل کے راستے میں پورے سفر کے دوران کسی بھی مقام پر مذکورہ سامان سے متعلق کوئی پابندی نہیں ہے۔ مزید برآں مخصوص ممالک اور حکومتوں، اداروں، یا افراد کے ساتھ کچھ سرگرمیاں یا لین دین پابندیوں کے تابع ہو سکتے ہیں۔ ایسی کسی بھی کاروباری سرگرمیوں کے آغاز کسے قبل تمام شراکت داروں، گاہکوں، صارفین، وغیرہ اور خود اپنے ادارے کے لیے مناسب احتیاط کو یقینی بنائیں۔ مزید معلومات کے لیے سوالات exportcontrol@dai.com یا ڈی آے آئی کے جنرل کونسلر کو بھیجے جا سکتے ہیں۔

## خریداری سے متعلق اہم نوعیت کی اندرونی معلومات کا نظام

خریداری کے منصفانہ عمل کے لیے تمام فروخت کنندگان کو مساوی مواقع دیتے ہوئے یکساں معلومات فراہم کی جاتی ہیں تاکہ کوئی ایک فریق ناجائز فائدہ نہ اٹھا سکے۔ خریداری کے بہترین طریقہ کار کے مطابق ممکنہ بولی دہندگان اور پیشکش کنندگان کو اچھی طرح سے باخبر اور جوابدہ تجاویز تیار کرنے کے لیے ان کے پاس یکساں معلومات ہونا ضروری ہے۔

معلومات یا ڈیٹا مثلاً ڈی اے آئی کے بجٹ کے تخمینے، منصوبہ بندی، دیگر پیشکش کنندگان کی جانب سے آنے والی تجاویز یا دیگر اندرونی معلومات کی غیر منصفانہ دستیابی یا ان تک رسائی خریداری کے عمل کو مسخ کر دیتی ہے جس کے نتیجے میں ایک غلط فروخت کنندہ کو یا نامناسب پرچیز آرڈر جاری ہو سکتا ہے۔

اسی لیے خریداری سے متعلق معلومات کے منصفانہ اور مناسب اجراء کو یقینی بنانے کے لیے معلومات کے انتخاب میں اندرونی احتیاط کا ایک منظم نظام بہت ضروری ہے۔

آپ کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ ممکنہ صارفین سے خریداری سے متعلق اندرونی اور حساس معلومات کا حصول بھی ایک غیر منصفانہ فائدہ اٹھانے کے مترادف ہے۔ ایسے کسی عمل کے نتیجے میں ڈی اے آئی کی مقابلہ کرنے کی اہلیت مشکوک ہوسکتی ہے۔ اگر آپ کو مالیاتی حد، منصوبوں کی تفصیلات، مسوّدات یا خریداری سے متعلق اندرونی معلومات حاصل ہوجائیں تو انہیں ڈی اے آئی میں کسی کو فراہم کرنے ، یا کسی بھی پیش قدمی سے قبل فوری طور پر اپنے سپروائزر، چیف آف پارٹی، ٹیم لیڈر، یا ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر سے مشاورت کر لیں۔


## خفیہ یا اندرونی نوعیت کی معلومات

مندر جہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی ایک کا جواب 'ہاں' کی صورت میں مذکورہ معلومات خفیہ نوعیت کی، اور قابلِ تحفظ ہے:

- کیا یہ معلومات کسی ادارے کا تجارتی راز ہے؟
- کیا ان معلومات کا دوسروں تک اخراج ڈی اے آئی کے لیے نقصان دہ ہوسکتا ہے؟
- ان معلومات کو خفیہ نہ رکھے جانے کی صورت میں کیا آپ کا منصوبہ خطرے میں پڑ سکتا ہے؟
- کیا معلومات میں کسی فرد کی رازداری کو خطرے میں ڈالنے والی ذاتی شناخت شامل ہیں ؟

## آڈٹ اور تحقیقات کے ساتھ تعاون

مالیاتی آڈٹ اور تحقیقات ڈی اے آئی اور ہمارے صارفین کی جانب سے نگرانی کی اہم ذمہ داریاں ہیں۔ آپ سے آڈٹ اور تفتیشی کوششوں میں تعاون اور دستاویزات کے لیے اہلکاروں کو بروقت اور معقول رسائی فراہم کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ کسی بیرونی آڈیٹر یا تفتیش کار کی جانب سے رابطہ کیے جانے پر براہ کرم اپنے سپروائزر، سینئر مینجمنٹ، ہیومن ریسورس، یا اپنے چیف آف پارٹی، ٹیم لیڈر کے ساتھ ساتھ اندرونی آڈٹ آفس یا ڈائریکٹر برائے رسک مینجمنٹ، اور ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر کو مطلع کریں۔




## مستعدی اور مستقل مزاجی سے جانچ پڑتال

آپ ڈی اے آئی میں منصوبوں پر عمل درآمد، صارفین و عطیہ دہندگان کی پیشہ ورانہ ضروریات کی تکمیل اور ممکنہ اندیشوں کا سدِباب کرتے ہوئے ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں/کرتے ہیں۔ ان ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران ذیلی ٹھیکے داروں، سہولت کاروں اور کنسلٹنٹس کو تفویض کردہ ذمہ داری کی تکمیل یا وصول کنندگان کی اہلیت کا تعین اور مالی اعانت کو یقینی بنانا بھی شامل ہے۔ آپ ان کو تفویض کردہ کام کے حجم کو مدِنظر رکھتے ہوئے کام یا ضروری صلاحیت اور مالیات حاصل کرنے کے قابل ہونے کا بھی جائزہ لیتی ہیں / لیتے ہیں۔ اس میں تفویض کردہ کام کی نوعیت کے مطابق مناسب مالیاتی اور عملی اختیار ہونا چاہیے۔ انہیں کارکردگی، دیانتداری، اور کاروباری اخلاقیات کے ایک تسلی بخش شہرت کے حامل اور اس کے ساتھ ساتھ جنسی استحصال، بدسلوکی اور ہراساں کیے جانے سے تحفظ اور قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کے تحت اہل بھی ہونا چاہیے۔

افراد، ادارے، اور تنظیمیں مختلف حکومتوں اورصارفین کی طرف سے وضع کردہ اہلیت کے قوائد کے تابع ہیں۔ اہلیت کے تعین کے دوران خارج یا مسترد شدہ اداروں کی جانچ پڑتال، ملازمت کے لیے امیدواروں، کنسلٹنٹس، وصول کنندگان، ذیلی ٹھیکیداروں، اور انٹرنیٹ پر موجود ڈیٹابیسز کے مطابق سہولت کاروں کی جانچ، نیز کسی تنظیم کی کارکردگی اور قابلیت کا تعین کرنے کے لیے مستعدی کی ضرورت پڑتی ہے۔ صارفین کو بھی انفرادی اور ادارتی بنیاد پر چھان بین کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم صارفین کی رقوم کو دہشت گردوں، منشیات کے اسمگلروں، مجرموں اور دیگر ممنوعہ اداروں کے استعمال سے بچانے کے لیے ان تقاضوں کے قوائد اور جذبے کی تعمیل کریں اور اندیشوں کے سدِباب کے لیے ہمارے فیصلوں کو ڈی اے آئی کی بنیادی اقدار اور ہماری اخلاقیات اور حفاظتی پالیسیوں کے ساتھ ہم آہنگ کریں۔

جامع مستعدی اور مناسب جانچ پڑتال میں ناکامی کے نتیجے میں اہم جرمانے عائد ہوسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ مستقبل میں منصوبوں کے حصول کے لیے ڈی اے آئی کی صلاحیت کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور اس کے نتیجے میں پراجیکٹ کے فنڈز، وقت، یا مستفید ہونے والوں کے فوائد بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے ڈی اے آئی کے جنرل کونسل سے رابطہ کریں۔



" جدت طرازی ہمیشہ سے ڈی اے آئی کی مرکزی پہچان رہی ہے۔ لیکن دیانت داری کے بغیر اختراع ایک کھوکھلی بنیاد ہے۔ تحفظ کے لیے ہماری قیادت کی جانب سے اخلاقیات کی تربیت پر ہماری انتھک کوششوں سے لے کر نسلی اور سماجی مساوات کے زیادہ مستقل مطالبے کے ہمارے عزم تک، ڈی اے آئی کے ملازمین جانتے ہیں کہ دنیا میں ہمارا برتاؤ ہمارے اچھے کام کا حصہ اور نتیجہ ہے۔"

— ماریہ اوٹیرو، ڈی اے آئی بورڈ


# امتیازی کارکردگی، برتری

## معیار کو یقینی بنانا

ڈی اے آئی اعلیٰ ترین تکنیکی اور پیشہ ورانہ معیارات پر پورا اترنے کے لیے پُرعزم ہے۔ ہم انجام دی گئی خدمات اور فراہم کردہ مصنوعات کو معاہدوں کے مطابق نگرانی کے نظام، ٹھوس ثبوتوں کو برقرار رکھنے، اجازت ناموں اور منظوریوں کو دستاویزی شکل دے کر، تربیت کی فراہمی اور کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لے کر معیار کی تصریحات کو پورا ترنے یا اس سے تجاوز کرنے کو یقینی بناتے ہیں۔ ہم مصلحت کے لیے کارکردگی پر سمجھوتہ نہیں کرتے۔ امتیازی کارکردگی کا ایک اہم جُزانفرادی طور پر یا بطور ایک ادارہ، اپنی اقدار پر عمل، نسل پرستی اور سماجی عدم مساوات سے تحفظ اور فعال مقابلے کے اپنے وعدوں کے لیے خود کو جوابدہ بنانا ہے۔

## صارفین کے ساتھ تعلقات برقرار رکھنا

ڈی اے آئی کے صارفین کے ساتھ تعمیری اور باہمی تعاون پر مبنی کاروباری تعلقات کو برقرار رکھنا ہماری کامیابی کے لیے ضروری ہے۔ آپ سے معاہدہ، قوائد، پالیسی، پیشہ ورانہ معاملات اور تمام اخلاقی تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے اس عمل میں تعاون کی توقع کی جاتی ہے۔ ہمارے صارفین مناسب خدمات و مصنوعات کی فراہمی اور اپنے وسائل کے ذمہ دارانہ انتظام کے لیے ہم پر انحصار کرتے ہیں۔ آپ صارف کے نمائندوں کی جانب سے اٹھائے جانے والے سوالات یا خدشات فوری طور پر اپنی اعلیٰ انتظامیہ کے علم میں لائیں تاکہ ان کا مناسب تدارک کیا جاسکے۔



# ڈی اے آئی میں اخلاقیات کی خلاف ورزی کی اطلاع کیسے دی جاسکتی ہے؟

تمام اطلاعات جانچ پڑتال اور مزید کاروائی کے لیے ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر تک جاتی ہیں۔

ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر سے رابطہ:
ethics@dai.com

گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ سے رابطہ:
safeguarding@ dai.com



اپنے سپروائزر، لائن منیجر، چیف آف پارٹی، ٹیم لیڈر یا ان کے نائب عہدیدار سے رابطہ کریں۔

مینجمنٹ، ہیومن ریسورس یا پروجیکٹ میں متعلقہ منتظمین سے رابطہ کریں



ایتھکس ہاٹ لائن پر گمنام کال کریں
at +1-503-597-4328 or
www.dai.ethicspoint.com.

مزیدذرائع:

- ڈی اے آئی میں اخلاقیات اور تحفظ سے متعلق مسائل کی اطلاع کیسے دی جائے؟
- تحقیقیاتی عمل: اطلاع موصول ہونے کے بعد کیا ہوتا ہے؟
- اعلیٰ عہدیداران کے لیے اطلاع وصول کرنے کے لیے اخلاقی رہنمائی۔

صارف کو براہِ راست خبردار کردیں یا رابطہ کریں۔

کچھ اہم ای میل درج ذیل ہیں:

یو ایس ایڈ:
ighotline@usaid.gov

ایف سی ڈی او:
reportingconcerns@fcdo.gov.uk

یوروپین کمیشن:
comp-whistleblower@ec.europa.eu

# ذمہ داری

## مشورہ لینا اور اطلاع دینا آپ کی ذمہ داری ہے

قابل اعتراض رویے یا اس ضابطے کی غلط یا مشتبہ خلاف ورزیوں کے بارے میں خدشات ہونے کی صورت میں اپنے سپروائزر، چیف آف پارٹی، ٹیم لیڈر، ان کے نائبین، ہیومن ریسورسز، گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ یا ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر سے فوری مشورہ کریں۔ اگر آپ خود ایسی کسی بدسلوکی کی شکار / کے شکار نہیں ہیں تو آپ سے فوری طور پر اپنے خدشات یا الزامات کی اطلاع دینے کی توقع کی جاتی ہے۔ یاد رکھیں کہ آپ جوابی کارروائی کے خوف کے بغیر ڈی اے آئی کی اخلاقیات کی ہاٹ لائن یا اخلاقیات کی ویب سائٹ کے ذریعے یہ کام رازداری اور اپنی شناخت ظاہر کیے بغیر بھی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کسی فرد یا ڈی اے آئی کے خلاف ہونے والی مشتبہ اخلاقی خلاف ورزیوں کی اطلاع دینے میں ناکام رہتے ہیں، تو آپ کو بھی شریکِ جرم سمجھا جا سکتا ہے۔

بروقت اطلاع سب سے بہتر ہے کیونکہ بروقت اطلاع سے ہی مزید کوئی نقصان پہنچنے سے پہلے ڈی اے آئی میں مسائل کا تیزی سے حل ممکن ہے۔ اگر ضرورت پیش آئے اور ہمارے صارفین کی شمولیت کی ضرورت ہو تو ہم انہیں بھی بروقت مطلع کر سکتے ہیں۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ واقعات اور الزامات کی اطلاع دینے میں انتقامی کارروائی کا خوف اپنی جگہ بجا ہے، لیکن دیر سے اطلاع دینا بالکل مطلع نہ کرنے سے بہتر ہے۔

ڈی اے آئی میں ہم تسلیم کرتے ہیں کہ جنسی استحصال یا ابد سلوکی کے از خود متاثر ہونے کی صورت میں اطلاع دینا زیادہ دشوار ہوسکتا ہے۔ متاثرین کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ اپنی تشویش کی اطلاع دے کر، آپ ڈی اے آئی کو مناسب کارروائی اور بد انتظامی کا تدارک کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ براہ کرم یاد رکھیں کہ آپ اخلاقیات کی ہاٹ لائن یا اخلاقیات کی ویب سائٹ کے ساتھ ساتھ ہیومن ریسورسز، اپنے سپروائزر، چیف آف پارٹی، ٹیم لیڈر، گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ، یا ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسرز کو گمنام طور پر رپورٹ کر سکتے ہیں۔ آپ کس طرح رپورٹ کرتے ہیں یہ آپ کی مرضی ہے۔

## آپ کی ذمہ داری بحیثیت ایک منیجر، سپر وائزر یا چیف آف پارٹی یا ٹیم لیڈر مستثنٰی

اگر آپ ڈی اے آئی میں منیجر، سپروائزر، یا چیف آف پارٹی، ٹیم لیڈر یا نائب ٹیم لیڈر ہیں تو آپ اپنے تمام براہِ راست اور بالواسطہ ماتحتوں کی جانب سے ضابطہ کو سمجھنے اور ان پر عمل کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہیں۔ آپ کو کام کی جگہ پر احترام کا ماحول قائم کرنا اور اسے برقرار رکھنا چاہیے جس میں ارکان صحیح کام کرنے میں سکون اور غلط کام کرنے میں بے چینی محسوس کریں۔ ماتحتوں کے پاس کوئی سوال ہونے کی صورت میں آپ دستیاب ہوں اور مسائل یا الزامات کو فوری طور پر مناسب سطح تک پہنچائیں۔ اطلاع دینے والے کی حفاظت اور اسے کسی بھی انتقامی کارروائی کے خطرات سے بچانے کے لیے آپ کو اخلاقی پاسداری کرتے ہوئے نسل پرستی کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے۔ معاملات ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر، گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ، یا مناسب منیجر کے علم میں آنے اور اگلی کاروائی پر اتفاق نہ ہونے تک کوئی تفتیشی قدم نہیں اٹھایا جانا چاہیے ۔

قائدین کو اخلاقی اقدار کی مثال ہونا چاہیے۔ ہر ایک کے لیے دیانتداری، جوابدہی، اور احترام کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور پیشہ ورانہ اور ذاتی طور پر اخلاقی طرز عمل کے لیے ڈی اے آئی کی توقعات کی حمایت کرتے ہوئے اپنے عملے کے ارکان کو باقاعدگی سے آگاہ کرنا چاہیے۔ ڈی اے آئی میں عملے کے ارکان کو باقاعدگی سے یقین ہونا چاہیے کہ ان کے رہنما اخلاقی رویے اور تعمیل کو سنجیدگی سے لیتے ہیں۔

### عملے کے کسی رکن کی جانب سے کسی اخلاقی مسئلے کی اطلاع موصول ہونے پر منیجر، سپروائزر، چیف آف پارٹی یا ٹیم لیڈر کو کیا کرنا چاہیے؟

- شکایت کنندہ کی بات سننی چاہیے۔
- سوچیں کہ کیا آپ یہ معاملہ اپنے پیشہ ورانہ اختیارات میں رہتے ہوئے حل کر سکتے ہیں؟
- سوچیں کہ کیا مذکورہ اطلاع کو فوری طور پر ممکنہ اخلاقی یا سیف گارڈنگ مسئلے کے طور پر اٹھانا چاہیے؟
- کسی اعلیٰ عہدیدار، ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر، گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ سے مشاورت کریں یا ہاٹ لائن پر رابطہ کریں۔
- اعلیٰ عہدیدار کی ہدایات کے مطابق مسئلے کو حل کرنے میں مدد کریں۔
- اپنی کاروائی سے اطلاع دینے والے رکن کو آگاہ کر کے معاملے کا اختتام کردیں۔

## تربیت کے تقاضے

ڈی اے آئی میں ملازمت کے آغاز پر اور اس کے بعد وقتاً فوقتاً آپ کو اخلاقیات، ہراساں کرنے کے خلاف، تحفظ اور ساتھ ہی ساتھ قوائد آگاہی سے متعلق دیگر تربیت بھی لینی ہوگی۔ سالانہ تربیت کی تکمیل پر آپ تحریری طور پر تسلیم کریں گے کہ آپ نے ڈی اے آئی کوڈ آف بزنس کنڈکٹ اینڈ ایتھکس کا جائزہ لے کر اسے سمجھ لیا اور آپ ان قوائد کی تعمیل کرنے سے اتفاق کرتے ہیں۔ یہ تحریر ضابطے کی دفعات کے احترام اور ان کی مکمل تعمیل کرنے کا آپ کا عہد ہوگا۔ اگر آپ ایسا کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو آپ تادیبی کارروائی کے تابع ہیں جس کا نتیجہ برطرفی تک کی صورت میں بھی نکل سکتا ہے۔

## بحیثیت ملازم آپ کی ذمہ داری

آپ کو خدشات اور/یا الزامات کی اطلاع دیتے ہوئے خود کو محفوظ محسوس کرنا چاہیے۔ آپ کو یقین رکھنا چاہیے کہ ڈی اے آئی مناسب طریقے سے کاروائی کرے گا۔ آپ اپنے اختیار کے مطابق فیصلے ، اور ان مسائل پر کارروائی کر سکتی ہیں / کر سکتے ہیں ۔ جب آپ کچھ دیکھیں تو آواز اٹھائیں۔ آپ بھی ذمہ دار ہیں۔

- ڈی اے آئی کوڈ آف بزنس کنڈکٹ اینڈ ایتھکس کی پیروی کریں۔
- اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ اس نوعیت کے مسائل سے پوری طرح واقف ہیں ، اخلاقیات، انسداد نسل پرستی، ہراساں کرنے کے خلاف اور تحفظ کی سالانہ تربیت حاصل کریں اور ضمنی جانچ پڑتال اور اجلاس میں شرکت کریں۔
- دھوکہ دہی، مفادات کے تصادم، رشوت ستانی، غیر ضروری ادائیگیوں، ادائیگیوں میں حصہ رکھنا، بخشش، یا دیگر بدعنوان طریقوں، یا ضابطہ کی کسی خلاف ورزی کا شبہ ہونے پر اپنے سپروائزر، سینئر لیڈر شپ، ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر، یا ایتھکس ہاٹ لائن کو مطلع کرنا ۔
- ڈی اے آئی کی اینٹی ہراسمنٹ یا حفاظتی پالیسیوں کی خلاف ورزی کا شبہ ہونے پر گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ، اعلیٰ عہدیداران، ایتھکس ہاٹ لائن، آپ کے سپروائزر، ہیومن ریسورسز، یا ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر کو مطلع کرنا ۔
- کسی بھی مشکوک عمل کے خلاف کوئی بھی کارروائی کرنے سے پہلے غیر اخلاقی یا غیر قانونی طرز عمل سے بچنے کے لیے مدد ، وضاحت یا مشاورت طلب کرنا۔

## ایتھکس اینڈ سیف گارڈنگ کمیٹی

ایتھکس ایند سیف گارڈنگ ایکشن کمیٹی اخلاقیات، تحفظ اور نسل پرستی سے متعلق الزامات کے ردِعمل کے لیے قائم کی جاتی ہے۔ اس کی صدارت چیف ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر یا گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ کرتے ہیں اور اس کے اراکین میں انٹرنل آڈٹ، ہیومن ریسورس، کونٹریکٹس ، جنرل کونسل، دی ڈائورسٹی ، ایکویٹی اینڈ انکلوژن لیڈ، پراجیکٹ مینجمنٹ ، اور ضرورت کے مطابق دیگر عہدیداران شامل ہو سکتے ہیں۔

چیف ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر کی زیرِ صدارت، گلوبل ایتھکس اینڈ سیف گارڈنگ کمیٹی-- گلوبل ایتھکس اینڈ سیف گارڈنگ پروگرام کو تفصیلات فراہم کرتی ہے۔ اس کمیٹی میں ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسرز، جنرل کونسلر، ڈائیورسٹی، ایکویٹی اینڈ انکلوژن لیڈ اور دنیا بھر کے عہدیداران میں سے نمائندے شامل ہیں۔

## ایگزیکٹِو لیڈر شپ اینڈ بورڈ ممبرز

ڈی اے آئی کی عالمی ایگزیکٹِو ٹیم (جی ایکس ٹی) اخلاقی رویے اور ان اصولوں کے مطابق عمل کے ماحول کی ترتیب اور اس کی تقویت کے لیے ذمہ دار ہے۔ جی ایکس ٹی عملے کے تمام ارکان کی تربیت اور ضابطے میں بیان کردہ اخلاقی معیارات کے مطابق تکمیل اور تعمیل کو یقینی بناتا ہے۔ جی ایکس ٹی کے اراکین اندیشوں اور مسائل پر نظر رکھتے ہوئے پالیسی اور کاروائیوں میں درکار تبدیلیوں سے آگاہ کرتے ہیں۔ جی ایکس ٹی کے ارکان میں جنرل کونسل بھی شامل ہیں، جو کہ براہ راست ڈی اے آئی کے بورڈ آف منیجرز کے سربراہ کو جوابدہ ہیں۔

بورڈ ، ڈی اے آئی کے گلوبل ایتھیکس اینڈ سیف گارڈنگ پروگرام کی نگرانی کرتے ہوئے اس کے موزوں اور موثر ہونے کو یقینی بناتا ہے۔ بورڈ، ڈی اے آئی میں بہترین طریقہ کار کے استعمال کو بھی یقینی بناتا ہے جس کا دیگر اداروں کے طریقہ کار سے موازنہ کر کے ضوابط کی خلاف ورزی کے ابھرتے ہوئے اندیشوں کے تدارک کے لیے تازہ ترین پالیسیوں اور طریقہ کار کا اجراء کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ حقیقت ہے کہ بورڈ کے زیادہ تر ارکان ڈی اے آئی کے عہدیداران کے علاوہ اور بیرونی ہونے کے باعث آزاد نقطہ نظر میں معاون ہیں۔ ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسرز اور انٹرنل آڈٹ کے سربراہان _ فنانس، آڈٹ اور کمپلائنس کمیٹی اور منیجرز کے مکمل بورڈ کو باقاعدگی سے رپورٹ کرتے ہیں۔

## ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسرز

ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسرز اخلاقیات اور ضوابط کی ممکنہ خلاف ورزیوں سے متعلق سوالات، خدشات، اور الزامات سے متعلق معلومات کا ذریعہ اور ایسے کسی بھی الزامات کی اطلاع دینے کے لیے اولین رابطہ ہیں۔ وہ تمام مسائل کی نگرانی اور ان کا اندراج کر کے جانچ پڑتال اور تحقیقات کرتے ہیں۔ الزامات لگانے والے افراد سے بات چیت، ضرورت کے مطابق سوالات پوچھتے ہیں، اور اخلاقیات کے مسائل کے حل کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔

ہمارے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی جانب سے امریکی حکومت یا ان سے وابستہ ہمارے صارفین کو ضروری معلومات کی فراہمی کا اختیار چیف ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر کو سونپا گیا ہے۔ اسی طرح یورپ میں ،ہمارے ایتھیکس اینڈ کمپلائنس آفیسرز اپنے صارفین کے منصوبوں سے متعلق معاملات کی فراہمی کے ذمہ دار ہیں۔ طے شدہ معلومات سے زیادہ کی فراہمی کی ضرورت پیش آنے پر حتمی فیصلہ چیف ایگزیکٹو آفیسر کی جانب سے کیا جاتا ہے۔ چیف ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر جنرل کونسل کو براہِ راست رپورٹ کرتے ہوئے ڈی اے آئی بورڈ آف منیجرز کی فنانس، آڈٹ اینڈ کمپلائنس کمیٹی کے چیئر کو 'ڈاٹڈ لائن' رپورٹ کرتی ہیں / کرتے ہیں ۔

## گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ

جنسی استحصال یا بد سلوکی سے متعلق سوالات، خدشات اور الزامات سے متعلق رابطوں کے لیے اولین ذریعہ گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ ہیں۔گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ ، جنسی استحصال یا ابد سلوکی کے معاملات میں تحقیقات یا تحقیقات کی نگرانی کرتے ہیں، اور دنیا بھر میں جاری ہمارے پروجیکٹس کو جنسی استحصال یا ابد سلوکی کی بہتر روک تھام اور اس سے نمٹنے کے لیے تکنیکی مدد اور تعاون فراہم کرتے ہیں۔ گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ، چیف ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر کے ماتحت ذمہ داریاں انجام دیتی ہیں / دیتے ہیں۔

# رابطے

**ایتھیکس اینڈ کمپلائنس آفیسرز**
ethics@dai.com

**گلوبل ڈائریکٹر آف سیف گارڈنگ**
safeguarding@dai.com

**ڈاٹا پروٹیکشن آفیسرز**
data_privacy@dai.com

**ڈی اے آئی گلوبل سکیورٹی**
DAIsecurity@dai.com

**انٹرنیشنل ٹریڈ سینکشنز سے متعلق معلومات**
exportcontrol@dai.com

**انفارمیشن ٹیکنولوجی(آئی ٹی) سپورٹ**
support@dai.com

**واشنگٹن، یو ایس اے**
وسکونسن ایوینیو 7600
سوئٹ 200
بیتھسڈا، ایم ڈی 20814,
فون : +13017717600

**www.dai.com**

@daiglobal





ہم سب کے لیے
ایک بہتر دنیا کی تشکیل
میں مصروفِ عمل